سوال

(246) رکوع اور سجدہ میں صرف ایک دعا ہی پڑھ سکتے ہیں یا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رکوع اور سجدہ میں صرف ایک دعا ہی پڑھ سکتے ہیں یا دو تین اکٹھی بھی پڑھ سکتے ہیں ؟ (ظفر اقبال)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رکوع اور سجدہ کے اذکار وادعیہ سے کوئی ایک ذکر و دعاء پڑھ لے فریضہ ادا ہو جائے گا، اگر دو یا تین یا زیادہ اذکار وادعیہ اکٹھے پڑھ لے تو بھی گنجائش ہے، بہتر ہے کہ اذکار وادعیہ جو ثابت ہیں، انہیں مختلف اوقات میں بدل بدل کر پڑھتا رہے، تاکہ تمام ثابت شدہ اذکار وادعیہ عمل میں آتے رہیں۔

۵ ۱۱ ۱۴۲۵ھ

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04